**19.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

..........................................................................

☆ سرکار نے تمام مرکزی سرکاری اسپتالوں میں سکیورٹی کی تعیناتی میں 25 فیصد اضافے کو منظوری دی ہے۔ اسپتال کی سکیورٹی اور سہولیات کے مختلف پہلوؤں پر غور و خوض کیلئے صحت خدمات کے DG کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے سرکاری ملکیت والے بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا ہے اور بینکوں سے کہا ہے کہ جمع رقم میں اضافے کو بڑھانے کیلئے کوششیں کی جائیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی بدھ سے پولینڈ اور یوکرین کا تین روزہ دورہ کریں گے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپنے نیپالی ہم منصب کے ساتھ باہمی میٹنگ کی ہے اور کہا ہے کہ نیپال، بھارت کو ایک ہزار میگاواٹ بجلی برآمد کرے گا۔

☆ اور بھارت اور جاپان کلیدی شراکت داری کو آگے بڑھانے کیلئے کل نئی دلّی میں دو جمع دو مذاکرات کریں گے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Govt Hospital Security*

سرکار نے تمام مرکزی سرکاری اسپتالوں میں سکیورٹی کی تعیناتی میں 25 فیصد اضافے کی اجازت دی ہے۔ سرکاری ذرائع نے کہا ہے کہ معیاری سیکورٹی پروٹوکول کے علاوہ سرکاری اسپتالوں کے ذریعے انفرادی مطالبے پر مارشل کی تعیناتی کو بھی منظوری دی جائے گی۔ تاہم ذرائع نے کہا کہ کولکاتہ اسپتال معاملے پر مبنی ایک مرکزی قانون لانے سے کوئی بڑا فرق نہیں پڑے گا کیونکہ ایک جونیئر ڈاکٹر کی مبینہ عصمت دری اور قتل، مریض- ڈاکٹر تشدد کا کیس نہیں ہے۔ صحت خدمات کے DG کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو ریذیڈینٹ ڈاکٹروں کیلئے اسپتال میں سکیورٹی اور سہولیات کے مختلف پہلوؤں پر غور کرے گی، جس میں ڈیوٹی روم اور کام کرنے کے اوقات بھی شامل ہیں۔

کولکاتہ کے ایک اسپتال میں ایک ٹرینی ڈاکٹر کی مبینہ آبروریزی اور قتل کے بعد ریذیڈینٹ ڈاکٹرس، ملک کے مختلف حصوں میں مظاہرہ کر رہے ہیں اور ایک مرکزی قانون کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ x

**I&B Review**

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل موروگن نے کہا ہے کہ ریاستی حکومتوں کی اُن ڈاکٹروں کو تحفظ فراہم کرنے کی ذمہ داری ہے جو بے لوث سماج کی خدمت کر رہے ہیں۔ آج آکاشوانی چینئی میں میڈیا کے ساتھ بات چیت میں کولکاتہ کے واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ جب ڈاکٹروں کے تحفظ کی بات آتی ہے تب مرکزی حکومت کے رہنما خطوط کے مطابق ریاستی حکومتیں ذمہ دار طریقے سے کارروائی کرنے کی پابند ہیں۔

وزیر موصوف نے کہا کہ 2047 تک بھارت ایک سُپر پاور ملک بن جائے گا اور حکومت اس سمت میں اپنی کارروائیوں پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔

وزیر موصوف نے DMK کی قیادت والی ریاستی حکومت پر الزام عائد کیا کہ کہ وہ مرکزی حکومت کے پروگراموں کو اپنا خود کا ہونے کا دعویٰ کر رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ مرکز کی جانب سے 8 ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے تھے لیکن DMK یہ جھوٹا پروپیگنڈہ کر رہی ہے اور مرکز پر فنڈس جاری نہ کرنے کا الزام عائد کر رہی ہے۔ x

**BJP Mamta**

BJP نے کولکاتہ میں ایک میڈیکل طالبہ کی مبینہ عصمت دری اور قتل کے معاملے پر مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتابنرجی کے استعفے کا مطالبہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، پارٹی ترجمان گورَو بھاٹیا نے الزام لگایا کہ ممتابنرجی کے کارناموں نے خواتین کی عزت، قانون کی حکمرانی اور گھناؤنے جرم میں ثبوت کو ختم کردیا ہے۔ جناب بھاٹیا نے یہ بھی الزام لگایا کہ اُن کی وجہ سے ثبوت ختم ہوگئے ، جو قصوروار کو موت کی سزا دلانے کیلئے اہم تھے ، جس کا وہ مستحق ہے۔ x

**Sitharaman Review Meet**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے نئی دلی میں ایک میٹنگ میں سرکاری ملکیت کے بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ محترمہ سیتا رمن نے میٹنگ میں جمع کی گئی رقومات میں اضافے، قرضے اور جمع رقومات کے تناسب اور اثاثوں کی کوالٹی کا جائزہ لیا۔ وزیر خزانہ نے پی ایم آواس یوجنا، پی ایم سوریہ گھر اور پی ایم وِشو کرما اسکیموں جیسے سرکاری اقدامات کے تحت سرکاری ملکیت کے بینکوں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا۔

جمع رقومات کو بڑھانے پر بات چیت کے دوران محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ اب جبکہ قرض میں اضافہ ہوا ہے، جمع رقومات کو مزید بہتر کرنے کی ضرورت ہے تا کہ بڑھتے ہوئے قرض کو برقرار رکھا جاسکے۔ انھوں نے بینکوں سے کہا کہ وہ خصوصی مہم کے ذریعے جمع رقومات حاصل کرنے کیلئے ٹھوس کوششیں کریں۔

مودی سرکار کی تیسری مدت کے دوران خزانے اور کارپوریٹ امور کی وزیر کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالنے کے بعد اِس طرح کے بینکوں کے ساتھ، محترمہ سیتا رمن کی یہ پہلی جائزہ میٹنگ تھی۔

مالیاتی خدمات کے محکمے کے سکریٹری ڈاکٹر وویک جوشی، سرکاری شعبے کے بینکوں کے منیجنگ ڈائریکٹرس اور چیف ایگزیکٹیو افسر اور دوسرے سینئر اہلکاروں نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔

وزیر موصوف نے آج نئی دلّی میں علاقائی دیہی بینکوں RRBs کے ساتھ بھی ایک جائزہ میٹنگ کی۔ RRBs کے ساتھ میٹنگ میں تجارتی کار کردگی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی خدمات میں بہتری اور MSME کلسٹرس میں کاروباری اضافے کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ x

## RS Bypoll Singhvi

کانگریس لیڈر ابھیشیک منوسنگھوی نے آج تلنگانہ سے راجیہ سبھا کے ضمنی انتخابات کیلئے پارٹی امیدوار کی حیثیت سے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔ ریاستی قانون ساز اسمبلی میں اہلکاروں کے سامنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرتے وقت ریاست کے وزیر اعلیٰ A. Reventh Reddy، اُن کے وزارتی رفقا، تلنگانہ میں AICC پارٹی امور کے انچارج، Deepa Das Munsi، اُن کے ہمراہ تھے۔ x

## Army Chief - Meeting

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی قیادت کی۔ اس میٹنگ میں بھارتی فوج کے ذریعے یکسر تبدیلی کے جاری اقدامات اور 2047 تک وکِست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت اُس کے تعاون پر توجہ مرکوز کی گئی۔ دفاع کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ فوجی ہیڈکوارٹرس ، کمان ہیڈر کوارٹرس اور دیگر تنصیبات کی تنظیمِ نو پر تبادلۂ خیال کیا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ بہتر کارکردگی اور آپریشنل تیاریوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ x

## J&K Attack

جموں اور کشمیر میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس، CRPF کے ایک افسر کی اُس وقت موت ہوگئی جب دہشت گردوں نے آج دوپہر اودھم پور ضلعے میں CRPF کی گشتی پارٹی پر حملہ کیا۔

دہشت گردوں نے اودھم پور ضلعے کی رام نگر تحصیل کے Cheel علاقے میں CRPF کی 187 ویں بٹالین کی گشتی پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کی، جس میں CRPF انسپکٹر کی موت ہوگئی۔ دہشت گردوں نے گشتی پارٹی پر قریب 30 سے 40 راؤنڈ گولیا چلائیں۔

علاقے کا محاصرہ کرلیا گیا ہے اور دہشت گردوں کا پتہ لگانے کیلئے بڑے پیمانے پر تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔ x

## Prez - Rakshabandhan

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں ملک بھر کے مختلف اسکولوں کے بچوں کے ساتھ رکشا بندھن کا تہوار منایا۔ تعلیم کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ 16 ریاستوں کے سرکاری اسکولوں کے 180 سے زیادہ طلباء نے صدرِ جمہوریہ سے ملاقات کی۔ اُس نے مزید بتایا ہے کہ بچوں کو امرت اُدیان کا ایک Tour بھی کرایا گیا۔ تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے طلباء کو نیک خواہشات پیش کرنے اور انہیں رہنمائی فراہم کرنے کیلئے صدرِ جمہوریہ کے تئیں اپنے تشکر کا اظہار کیا۔ x

**PM - Pland Ukraine Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی بدھ سے پولینڈ اور یوکرین کا تین روزہ دورہ کریں گے۔ آج شام نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، خارجی امور کی وزارت میں مغربی امور کے سکریٹری Tanmay Lal نے بتایا کہ یہ دورہ ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ بھارت کے وزیر اعظم کا پولینڈ کا یہ دورہ 45 سال بعد ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں ہو رہا ہے، جب دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کے 70 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ سکریٹری موصوف نے کہا کہ Warsaw میں جناب مودی کو روایتی استقبالیہ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جناب مودی پولینڈ کے اپنے ہم منصب Donald Tusk کے ساتھ بات چیت کریں گے اور صدر Andrzej Duda سے بھی ملاقات کریں گے۔

وزیر اعظم بھارتی برادری ، کاروباری رہنماؤں اور Warsaw میں بھارتی تہذیب و ثقافت کے ممتاز ماہرین سے بھی بات چیت کریں گے۔

جناب Lal نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 23 تاریخ کو یوکرین کا سرکاری دورہ کریں گے، جو یوکرین کے صدر Volodymyr Zelenskyy کی دعوت پر ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ سنگِ میل اور تاریخی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ سفارتی تعلقات قائم ہونے کے بعد سے 30 سال سے زیادہ عرصے میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان حالیہ اعلیٰ سطحی بات چیت کے تناظر میں یہ دورہ اہمیت کا حامل ہے۔

روس - یوکرین تنازعے پر پوچھے گئے میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، جناب لال نے کہا کہ بھارت ایک واضح اور پائیدار موقف پر قائم ہے کہ سفارتکاری اور بات چیت کے ذریعے تنازعات کو حل کیا جاسکتا ہے ، جس سے دیرپا امن کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ لہٰذا ، مذاکرات نہایت ضروری ہیں۔ x

**Malasia PM-India**

ملیشیا کے وزیر اعظم Dato Seri انور بن ابراہیم، آج سے بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ ملیشیا کے وزیر اعظم کی حیثیت سے انور ابراہیم کا یہ بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ملیشیا کے وزیر اعظم کل وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ اپنے دورے میں وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کریں گے۔

بھارت اور ملیشیاء کے مضبوط تاریخی اور سماجی و ثقافتی تعلقات ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو وزیراعظم مودی کے دورے کے دوران 2015 میں کلیدی شراکت داری کی سطح تک بلندی حاصل ہوئی تھی۔ ملیشیاء کے وزیراعظم انور ابراہیم کے دورے سے بھارت ملیشیاء باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔x

**CBI Coal Fields**

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے رشوت ستانی اور بدعنوانی کے ایک معاملے میں مدھیہ پردیش میں Singrauli میں واقع North Caol Fields لمیٹیڈ (NCL) کے ایک منیجر سمیت چار ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔ اُس نے تلاشی

کے دوران ملزم منیجر کی رہائش گاہ سے تقریباً چار کروڑ روپے نقد بھی برآمد کئے ہیں۔ ایجنسی نے بتایا ہے کہ یہ رقم کئی ٹھکیداروں اور عہدیداروں سے سنگرولی NCL میں مبینہ طور پر اُن کے کاموں کے عوض جمع کی تھی۔

تحقیقاتی ایجنسی نے بتایا ہے کہ ان میں سے ایک ملزم مدھیہ پردیش میں ایک فارم چلا رہا تھا اور NCL کے مختلف ٹھکیداروں/ کاروباری افراد اور مختلف اہلکاروں کے درمیان مبینہ طور پر ایک بچولیے کے طور پر کام کر رہا تھا اور اُنھیں رشوت کی رقم پہنچا رہا تھا۔

ایجنسی نے بتایا ہے کہ ملزمین کے خلاف بہت سے معاملات درج کئے گئے ہیں اور CBI کی ٹیم نے سنگرولی، جبلپور اور نوئیڈا میں مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔

تلاشی کے دوران بڑی تعداد میں نقد رقم، ڈیجیٹل آلات اور قابل اعتراض دستاویزات برآمد کی گئی ہیں۔ x

## Nepal FM Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں نیپال کی اپنی ہم منصب آرزو رانا دیوبا کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے توانائی ، تجارت ، کنکٹیویٹی اور بنیادی ڈھانچے کے فروغ سمیت کثیر رخی باہمی تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ نیپال، بھارت کو تقریباً ایک ہزار میگاواٹ بجلی برآمد کرے گا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کی پڑوس مقدم کی پالیسی اور عوام سے عوام کے درمیان منفرد تعلقات اور ثقافتی رابطے تعلقات کو آگے لے جائیں گے۔

نیپال کی وزیر خارجہ آرزو رانا دیوبا ، بھارت کے پانچ روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچی ہیں۔

ایک بیان میں خارجی امور کی وزارت نے بتایا ہے کہ یہ دورہ دونوں پڑوسی ملکوں کے درمیان باضابطہ اعلیٰ سطحی تبادلوں کی روایت کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ وزارت نے بتایا ہے کہ نیپال، بھارت کی پڑوس مقدم پالیسی میں ایک ترجیحی شراکت دار ہے۔ x

## India Japan 2+2

بھارت اور جاپان کل نئی دلّی میں دو جمع دو وزارتی مذاکرات کریں گے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، جاپان کے وزیر دفاع Kihara Minoru اور وزیر خارجہ Yoko Kamikawa میٹنگ میں حصہ لیں گے۔ دو جمع دو مذاکرات کے موقع پر وزیر دفاع اور اُن کے جاپانی ہم منصب کے درمیان ایک باہمی میٹنگ بھی ہوگی۔ باہمی میٹنگوں اور دو جمع دو میٹنگ کے دوران وزراء، باہمی تعاون کا جائزہ لیں گے اور دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے نئے امکانات تلاش کریں گے۔ وزراء، باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔ x

## Manipur Rain

منی پور میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے روز مرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے مختلف مقامات سے مٹی کے تودے کھسکنے اور اچانک سیلاب کی بھی خبر ہے۔

آج صبح شدید بارش کی وجہ سے امپھال- جِری بام روڈ پر دو مقامات پر تودے کھسکنے کی وجہ سے ٹریفک آمد و رفت میں رخنہ پڑا اور ریاست کی اہم ترین سڑک پر آمد و رفت متاثر رہی۔

دوسری جانب Kangpokpi ضلعے کے امپھال- دیماپور شاہراہ پر واقع دائیلی گاؤں کے قریب زمین کے تودے گرنے سے گھنٹوں ٹریفک جام رہا۔ اِن دونوں قومی شاہراہوں کی دیکھ بھال کی ذمہ دار سڑک تعمیراتی کمپنی نے ملبے کو ہٹانے کیلئے مشینیں اور کارکن لگائے ہیں۔ x

**US Israel Ceasefire**

امریکی وزیرخارجہ اینٹی بلنکین نے آج یروشلم میں اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو سے ملاقات کی۔ جناب بلنکین جنگ بندی کے ایک سمجھوتے کو مکمل کرانے کی غرض سے امریکی سفارتی کوششوں کو جاری رکھنے کیلئے مصر اور اسرائیل کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ دورے کا مقصد مصر اور قطر کے تعاون سے امریکی تجویز کے ذریعے یرغمالیوں اور قیدیوں کی رہائی کرانا ہے۔

اِس سے پہلے دن میں بلنکین نے اسرائیل کے صدر Isaac Herzog سے ملاقات کی تھی۔

اِسی دوران حماس نے پچھلے ہفتے دوحہ میں غزہ کیلئے جنگ بندی کی ایک نئی تجویز کی نکتہ چینی کی ہے۔

گروپ نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ تجویز نیتن یاہو کے مطالبات کے حق میں ہے، جن میں ایک مستقل جنگ بندی کو مسترد کرنا اور قیدیوں کے تبادلے پر نئے شرائط وضع کرنا شامل ہے۔ حماس نے کہا ہے کہ انہی شرائط کی وجہ سے سمجھوتے کی تکمیل نہیں ہوپارہی ہے۔ x

**PM - Paralympics**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اُس بھارتی دستے کے ساتھ بات چیت کی ، جو 28 اگست سے شروع ہونے والے پیرس پیرالمپکس میں شرکت کیلئے جارہا ہے۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ہونے والی بات چیت کے دوران جناب مودی نے کہا کہ ایتھلیٹس بھارت کے جھنڈا بردار کے طور پر پیرس جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سفر اُن کی زندگی اور کیریئر کیلئے انتہائی اہم سفر ہونے والا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆